ABC Certified
پاکستان کی نظریاتی اساس کی علمبردار اور عوامی امنگوں کا عکاس
www.dailyasas.com.pk
asaslhr@gmail.com

روزنامہ اساس لاہور
Daily Asas
ایڈیٹر انچیف شیخ افتخار عادل

لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی، مظفرآباد، آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا

جلد 26 شمارہ 58 | منگل 28 ربیع الاول 1444ھ 25 اکتوبر 2022ء 10 کاتک 2079 ب | قیمت 15 روپے

وفاقی محتسب ادارہ عوام الناس کو فوری انصاف کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے، افشاں صابر

پسماندہ علاقوں سے شکایات بھیجنے والوں کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو ممکن بنا رہے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب ادارہ عوام الناس کو فوری انصاف کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے پسماندہ علاقوں سے شکایات بھیجنے والوں کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو ممکن بنا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار افشاں صابر ڈائریکٹر وفاقی محتسب لاہور آفس نے کیا۔ اس ضمن میں شیخوپورہ ڈپٹی منیجر آپریشن لیسکو شیخوپورہ ڈویژن میں عدالت لگا کر انہوں نے لوگوں کی شکایات سنیں، اس موقع پر ایکسین سٹی شیخوپورہ راشد سومرو، ایکسین رورل ڈویژن فاروق آباد عمر بلال چودھری، ڈی سی ایم شہزاد حنیف، چیئرمین سٹی ڈویژن مرزا اشرف، سعید احمد، ملک عاصم، افتخار احمد سمیت لیسکو سٹی ڈویژن شیخوپورہ کے دیگر ملازمین بھی موجود تھے، ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی کی ہدایات کی روشنی میں جہاں جہاں پسماندہ علاقوں کے لوگوں کی شکایات موصول ہوتی ہیں انہیں ان کی دہلیز پر جا کر سنا جائے اور موقع پر فیصلے کیے جائیں انہوں نے مزید کہا کہ شیخوپورہ لیسکو سٹی ڈویژن میں 22 کیسوں کی شنوائی کی گئی ہے، جس میں نادیہ بیگم، محمد شہزاد ڈوگر، حلیمہ بی بی، امجد علی جنڈیالہ شیر خان، منور بیگم اور اسلم خان وغیرہ 22 شکایات کا موقع پر فیصلہ سنایا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب واحد ادارہ ہے۔

شیخوپورہ: لیسکو سٹی ڈویژن شیخوپورہ میں لگائے جانے والی عدالت میں وفاقی محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر واپڈا کے متعلق کیسوں کی سماعت کر رہی ہے